# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس کانام: مطالعہ ہندو مت اور بدھ مت (4959) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ کریڈٹ: 3

## ہدایات برائے طلبہ

**عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جارہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لیے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لیے عربی فونٹ استعمال کیجیے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظرِ ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیثِ نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابلِ قبول ہیں۔

9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF) فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو، میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں)

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار

عثمان علی شیخ

لیکچرر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

| عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ: |
|---|
| 1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔ |
| 2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔ |

**کورس: مطالعہ ہندومت اور بدھ مت (4959)** — **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** — **کریڈٹ: 3**

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 — **(یونٹ نمبر 1–4)** — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ ہندومت کے ویدک دور پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ہندومت کی تاریخ میں فرقہ بندی کا زمانہ کون سا ہے؟ اس دور کے خدوخال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ ویدک ادب اور اس کی تقسیمات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مہابھارت کے مرکزی مباحث بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ شیومت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 | (یونٹ نمبر5-9) | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ بدھ مت کے آغاز وارتقاء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصراً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ گوتم بدھ کے بچپن کے حالات اور اوصاف کے بارے میں نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ گوتم بدھ نے اپنا گھر چھوڑ کر سنیاسی زندگی کیوں اختیار کی؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بدھ مت کے نظریۂ خدا کے بارے میں مختلف اہل علم کا نقطۂ نظر بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ہنیان بدھ مت کے ذیلی فرقوں پر نوٹ لکھیں۔ (20)